# رہنمائے اساتذہ برائے پیکیج ای

## عمومی ہدایات:

1۔ ہر مشق شروع کرنے کے لیے، طلبہ سے پوچھنے سے پہلے، وضاحت کریں کہ مشق کیسے کی جائے گی۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ اس مشق سے متعلق ہدایات کو سمجھ چکے ہیں۔

2۔ طلبہ کے ہر مشق مکمل کر لینے کے بعد کلاس سے جوابات لیں۔ درست جوابات کو تسلیم کریں۔ طلبہ سے کہیں کہ اپنا کام چیک کریں اور اس کی تصحیح (یادرستگی) کریں۔ اگر طلبہ کی طرف سے دیا گیا جواب غلط ہے تو انہیں درست کروائیں اور انہیں اپنا کام چیک کرنے کہیں۔

3۔ جوابات لیتے وقت اور کلاس روم میں بحث کے دوران تمام طلبہ کو شامل کرنے کی کوشش کریں۔ بعض اوقات شرمیلے طلبہ اس میں شامل نہیں ہوتے اس لیے ان کی شرکت کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔

4۔ ایک اہم نقطہ یاد رکھیں کہ کمزور طلبہ کی شرکت کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں۔ اس کے ساتھ انہیں مشقوں کے جوابات اور رد عمل دینے کا کہیں جن کے آسان جوابات ہوں تاکہ وہ حوصلہ افزائی محسوس کریں۔

5۔ طلبہ کو ہر اس سرگرمی میں جوڑوں میں تقسیم کریں جس کے لیے انہیں جوڑوں میں کام کرنے یا مشترکہ کام کے موازنے یا مل کر کام کرنے کی ضرورت ہو۔ اس کے ساتھ ہی اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ نے اس کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے کہ انہیں جوڑوں میں اور انفرادی طور پر کیا اور کیسے کام کرنا ہے۔

6۔ جوڑوں میں کام کرنے کے لیے انفرادیت / جدت یقینی بنانے کی کوشش کریں مثال کے طور پر؛ ہر مرتبہ ایک ہی طالبعلم کے ساتھ جوڑا بنانے کا نہیں کہنا چاہیے بلکہ انہیں مختلف طلبہ کے ساتھ کام کرنے کا موقع دینا چاہیے۔

7۔ ہر یونٹ کے آغاز/شروع کرنے سے پہلے، پڑھنے سے پہلے کے سوالات پوچھیں اور تمام طلبہ کو شرکت کی ترغیب دیں، خاص طور پر ان طلبہ کو جو کمزور اور شرمیلے ہیں۔ پھر انہیں متن پڑھنے کا کہیں۔ اس کے بعد انہیں مشق کرنے کا کہیں۔ ایک بار جب وہ اپنے جوابات مکمل کر لیں، ان کا موازنہ کریں، پوری کلاس سے جوابات حاصل کریں اور طلباء سے ان کے کام کو چیک کرنے کو کہیں۔

# UNIT 1

## 1.1 READING AND THINKING پڑھنااور سوچنا:

1۔پڑھنے سے پہلے کے سوالات پوچھتے ہوئے، تمام طلبہ کو شرکت کرنے کی ترغیب دیں۔ تمام جوابات کو بغیر رائے کے قبول کریں۔

عمر کے لحاظ سے لوگوں کی زندگیوں میں موسموں کے بارے میں بات چیت/بحث کی رہنمائی کریں، یعنی شیر خوار، بچہ، نوعمر، بالغ،

درمیانی عمر، بڑھاپا۔ کامیابی/ناکامی، خوشی/غمی وغیرہ کے ادوار کے لحاظ سے بھی بحث کی رہنمائی کی جاسکتی ہے۔

## 1.2 WRITING لکھنا

1۔طلبہ کی رہنمائی کریں کہ وہ مشق نمبر 1 میں دیئے گئے ڈائیلا گز کو کیسے مکمل کریں گے۔ کچھ طلبہ سے ان کے مکمل کیے گئے ڈائیلا گز

پر رول پلے کرنے کے لیے کہیں۔

2۔جب طلبہ ایک بار مشق نمبر 2 ختم کرلیں تو انہیں کلاس کے سامنے آکر اپنے ڈائیلا گز پیش کرنے کا کہیں۔ بلکل اسی طرح مشق نمبر

3 کے ساتھ کریں۔

## 1.3 LANGUAGE CONVENTIONS قواعدِ زبان:

1۔طلبہ کو وضاحت کریں کہ adjectives(صفت)اور اس کی اقسام کیا ہیں؟ مثال کے طور پر: regular(باقاعدہ)اور

irregular(بے قاعدہ)adjectives۔

دوسرا، وضاحت کریں کہ adjectives کی degrees(درجے) تبدیل ہونے کا کیا مطلب ہے؟ positive(مثبت)،

comparative(موازنہ)اور superlative (اعلی)۔اس کے بعد Regular Adjective Degrees کو

تبدیل کرنے کے قواعد پر بات چیت کریں جیسا کہ مشق کے پہلے حصے میں دیا گیا ہے۔اس کے ساتھ ہی وضاحت کریں کہ irregular adjectives degrees(بے قاعدہ صفتوں کے درجات) تبدیل کرنے کا مقرر کردہ کوئی اصول نہیں ہے۔

2۔ طلبہ کو مشق نمبر 2 کرنے کا کہنے سے پہلے، انہیں بتائیں کہ article 'the' ہمیشہ superlative degree کے بعد استعمال ہوتا ہے یا لگایا جاتا ہے۔

3۔ طلبہ کو مشق نمبر 3 کرنے کا کہنے سے پہلے، انہیں بتائیں کہ جب ایک جملے میں دو چیزوں کا ذکر کیا جائے جن کا ایک دوسرے کے ساتھ موازنہ ہو تب **comparative form** کو **'than'** کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر؛

These shoes are **better then** the other pair. Mangoes are more expensive **than** bananas.

## 1.4 SPEAKING & LISTENING بولنا اور سننا

1۔ طلبہ کو جوڑوں میں تقسیم کریں۔انہیں اوپر وضاحت کیے گئے ڈائیلا گز کی مشق کرنے کا کہیں؛ مثال کے طور پر، ایک بچہ ایک طالبعلم کا کردار لے جبکہ دوسرا ایک استاد کا کردار ادا کرے۔ایک بار کرنے کے بعد، انہیں اپنے کرداروں کو تبدیل کرنا چاہیے؛ یعنی طالبعلم استاد کا کردار ادا کرے اور استاد طالبعلم بن جائے۔پہلی مرتبہ وہ ڈائیلا گز کو پڑھ سکتے ہیں، دوسری بار انہیں ڈائیلا گز میں سے تھوڑا سا پڑھنا چاہیے۔آپ انہیں تیسری بار بغیر پڑھے مشق کرنے کا کہہ سکتے / سکتی ہیں۔آپ کچھ جوڑوں کو آگے آنے اور کلاس کے سامنے رول پلے پیش کرنے کا کہہ سکتے / سکتی ہیں۔

## UNIT 2

### 2.1 READING AND THINKING

2۔ مشق نمبر 5 کے لیے، طلبہ کو جوڑوں میں تقسیم کریں اور وضاحت کریں کہ انہیں کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہیں بتائیں کہ اپنے جوابات اس وقت تک کاپی پر نہیں لکھیں جب تک کہ آپ انہیں یہ کرنے کے لیے نہ کہیں۔ اس کو یقینی بنانے کے لیے کہ طلبہ کو درست جوابات حاصل ہو گئے ہیں کلاس سے جوابات لینا شروع کریں۔ اس کے بعد انہیں تمام مکمل جملے اپنی کاپیوں میں لکھنے کا کہیں۔

3۔ طلبہ کے مشق نمبر 6 مکمل کر لینے کے بعد، کلاس سے جوابات لیں۔ دو سے تین طلبہ سے ان کے جوابات پڑھنے کا کہیں۔ اگر جوابات درست ہیں تو انہیں قبول کریں اور باقی تمام طلبہ کو ان کا کام چیک کرنے کا کہیں اور ساتھ ہی جہاں درستگی کی ضرورت ہو وہاں ٹھیک کرنے کی ہدایت دیں۔ اگر جوابات غلط ہیں تو انہیں درست جوابات فراہم کریں اور طلبہ کو ان کا کام درست کرنے کی ہدایت دیں۔

4۔ مشق نمبر 7 کے لیے، طلبہ کو چار کے گروپس میں تقسیم کریں۔ ان سے کہیں کہ وہ ایسی چیزوں کے متعلق بات چیت کریں جن کے ختم (معدوم) ہو جانے کے خطرات (امکانات) سے دوچار ہیں؛ مثال کے طور پر اگر ہم انہیں مسلسل مارتے ہیں یا کاٹتے ہیں تو وہ مکمل طور پر صفحہ ہستی سے مٹ (ختم) جائیں گے یا ہم ان چیزوں کو ان سے دور کر دیتے ہیں جو ان کی زندگی یا بقا کے لیے بہت اہم ہیں۔ طلبہ سے کہیں کہ ان تمام چیزوں کے متعلق ایک فہرست بنائیں اور پھر کچھ ایسے اقدامات تجویز کریں جو کہ لوگ اور حکومت کی جانب سے ان کے تحفظ کے لیے اٹھائے جا سکیں۔

طلبہ کے فہرستیں تیار کر لینے کے بعد، ہر گروپ سے ان کی فہرست اور تحفظ کی تجاویز پیش کرنے کے لیے کہیں۔ آپ ہر گروپ سے ان کی فہرست کی کوئی ایک چیز پیش کرنے کا بھی کہہ سکتے / سکتی ہیں۔

5۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے آپ یہ تمام چیزیں انٹرنیٹ پر تلاش کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ طلبہ کو بھی گھر کے کام کے طور پر، یہ تمام چیزیں انٹرنیٹ پر تلاش کرنے کا کہہ سکتے/سکتی ہیں اور اگلی کلاس میں اس پر بحث کے لیے بھی کہا جا سکتا ہے۔

## 2.2 WRITING لکھنا

1۔ طلبہ کو وضاحت کریں ایک مختصر پیغام اور طویل رسمی خطوط کیسے ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ بتائیں کہ مختصر پیغام یا ای-ٹیکسٹ تمام مسائل کے حل نہیں ہیں؛ یہ بلکل مخصوص طور پر (ٹو دی پوائنٹ) لکھے جاتے ہیں اور جوابات بھی بلکل مخصوص (ٹو دی پوائنٹ) ہوتے ہیں۔ پھر طلبہ کو دو مختصر پیغامات پڑھنے کا کہیں اور مشق نمبر 1 کرنے کا کہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ یہ سمجھ گئے ہیں کہ مشق کو کیسے کرنا ہے۔

2۔ ایک بار جب طلبہ یہ بات چیت کر چکیں کہ کون سا پیغام ہے اور کون سا جواب ہے تو انہیں اپنے نتائج کا تبادلہ کرنے کا کہیں۔ پھر ان سے شناخت شدہ مختصر پیغام لکھنے کا کہیں، جیسا کہ مشق میں ہدایت دی گئی ہے۔ انہیں بتائیں کہ یاد رکھیں کہ افراد کے نام پلٹ دیئے جائیں گے مثال کے طور پر: لکھنے والے کا نام مخاطب کرنے والے کا نام بن جائے گا۔

3۔ طلبہ کے مشق نمبر 1 مکمل کر لینے کے بعد، کچھ جوڑوں سے ان کے جوابات پڑھنے کے لیے کہیں۔ بلکل اسی طرح، جب وہ مشق نمبر 2 مکمل کر لیں تو دیگر کچھ جوڑوں کو ان کے مختصر پیغامات پڑھنے کا کہیں۔

## 2.3 LANGUAGE CONVENTIONS قواعد زبان

1۔ طلبہ کو مشق نمبر 1 کرنے کا کہنے سے پہلے، انہیں آرٹیکل 'the' استعمال کرنے کے اصولوں کے متعلق وضاحت کریں۔ انہیں بتائیں کہ آرٹیکل 'the' انگلش زبان میں کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ واحد اور جمع دونوں اسموں کے ساتھ singular

استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک مخصوص چیز/ شخص/ جگہ وغیرہ کے متعلق بات کے لیے استعمال کیا جاتا and plural nouns. ہے۔ یہ بحیروں، سمندروں، دریاؤں اور پہاڑوں وغیرہ کے ناموں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ superlative degree کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے (برائے مہربانی گرامر کی کتاب میں 'the' مضمون کے استعمال کے بارے میں دیگر تفصیلات دیکھیں)۔

2۔ دوسرے، طلبہ کو جوڑوں میں تقسیم کریں اور انہیں کہیں کہ ہر ڈائیلاگز (مکالمے) میں کن دو جگہوں پر آرٹیکل 'the' غائب ہے۔ ان اصولوں کی بنیاد پر، اس پر بحث کریں جن کی آپ وضاحت کر چکے ہیں۔ جب وہ اس پر بحث کر چکیں تو انہیں ہر ڈائیلاگ میں آرٹیکل 'the' کا استعمال کرتے ہوئے ڈائیلاگ اپنی کاپیوں میں لکھنے کا کہیں۔

## 2.4 SPEAKING & LISTENING بولنا اور سننا

1۔ طلبہ کو تین کے گروپس میں تقسیم کریں۔ انہیں اوپر وضاحت کیے گئے ڈائیلاگ کی مشق کرنے کا کہیں مثال کے طور پر؛ وہ ڈائیلاگ کی تین بار مشق کریں۔ ہر طالبعلم ہر بار مختلف کردار ادا کرنے کے لیے لے۔ انہیں بتائیں کہ پہلی بار وہ یہ ڈائیلاگ پڑھ سکتے ہیں، دوسری بار میں تھوڑا بہت پڑھیں۔ تیسری مشق میں انہیں یہ ڈایئلاگ بغیر پڑھے زبانی طور پر ادا کرنے چاہیے۔ آپ تینوں میں سے کچھ کو کلاس کے سامنے آنے اور کردار ادا کرنے کو بھی کہہ سکتے/ سکتی ہیں۔

**UNIT 3**

**3.1 READING AND THINKING**

اگر کسی بھی وجہ سے چارٹ کی تیاری اور/یا ڈسپلے ممکن نہیں ہے تو آپ طلباء کو دیئے گئے دو عنوانات کے تحت اپنے نکات لکھنے اور کلاس کے ساتھ اشتراک کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ گروپ کے دو ممبروں کو 'کیوں' حصہ شیئر کرنے کے لئے کہا جاسکتا ہے اور دیگر دو 'کیا' حصہ شیئر کر سکتے ہیں.

## 3.2 WRITING لکھنا

1۔ کلاس کو وضاحت کریں کہ دیے گئے نکات کے مطابق expository paragraph (تشریحی پیرا گراف) کیا ہے۔ نیز ان کے ساتھ پیرا گراف لکھنے کے قواعد کو بھی دہرائیں۔

2۔ طلبہ کو تین کے گروپس میں تقسیم کریں اور انہیں مشق نمبر 1 کرنے کا کہیں۔ ہر گروپ سے 1 سے 5 تک کے نمبرز پکارنے کا کہیں۔ انہیں بتائیں کہ تمام ایک نمبر والے ایریا 1 پر فوکس کریں گے۔ تمام دو نمبر والے ایریا 2 پر فوکس کریں گے وغیرہ اور اسی طرح دوسرے اپنے نمبرز کے ساتھ کریں گے۔

3۔ جب طلبہ مشق کر رہے ہوں تو کلاس میں چکر لگائیں اور چیک کریں کہ طلبہ نے کوئی دوسرا عنوان (ٹاپک) منتخب کیا ہے۔ آپ کچھ طلبہ کو آگے آنے اور اپنے پیرا گرافس پڑھنے کا کہہ سکتے/سکتی ہیں۔ ان طلبہ کی شمولیت کو یقینی بنائیں جنھوں نے دیئے گئے پانچ عنوانات پر پیرا گرافس لکھے ہیں۔

## 3.3 LANGUAGE CONVENTIONS قواعد زبان

1۔ طلبہ کو مشق نمبر 1 کرنے کا کہنے سے پہلے، مشق کے شروعات میں دی گئی ہدایات کی وضاحت کریں۔ کلاس میں چکر لگائیں اور یقینی بنائیں کہ طلبہ کام کو سمجھ گئے ہیں۔

جب وہ مکمل کر چکیں تو جوابات لیں، تختہ سیاہ (بلیک بورڈ) پر پر درست جواب لکھیں اور طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے کام کو چیک کریں۔

2۔ مشق نمبر 3 کے لیے، طلبہ سے کہیں کہ prefixes(سابقے) ‘im’, ‘in’, and ‘un’ جمع کریں اور دیئے گئے الفاظ کے opposites متضاد بنائیں۔ انہیں بتائیں کہ وہ ہر ایک prefix کے ساتھ شروع ہونے والے 3 الفاظ بنائیں۔ جب وہ مکمل کر چکیں تو جوابات لیں 2، تختہ سیاہ (بلیک بورڈ) پر پر درست جواب لکھیں اور طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے کام کو چیک کریں۔

## 3.4 SPEAKING & LISTENING بولنا اور سننا

1۔ طلبہ کو تین کے گروپس میں تقسیم کریں۔ انہیں بتائیں کہ اوپر وضاحت کیے گئے ڈائیلاگز (مکالموں) کی مشق کریں، مثال کے طور پر وہ ڈائیلاگز (مکالموں) کی تین بار مشق کریں، ہر بار ہر طالبعلم کے ساتھ مختلف کردار ادا کریں۔ انہیں بتائیں کہ پہلی بار وہ یہ ڈائیلاگ پڑھ سکتے ہیں، دوسری بار میں تھوڑا بہت پڑھیں۔ تیسری مشق میں انہیں یہ ڈائیلاگ بغیر پڑھے زبانی طور پر ادا کرنے چاہیے۔ آپ تینوں میں سے کچھ کو کلاس کے سامنے آنے اور کردار ادا کرنے کو بھی کہہ سکتے / سکتی ہیں۔ حیرت یا صدمے کے اظہار کے لیے مناسب لہجہ استعمال کرنا یاد رکھیں۔

## UNIT 4 یونٹ 4

### 4.1 READING AND THINKING پڑھنا اور سوچنا

1۔ پڑھنے سے پہلے کے سوالات پوچھیں اور طلبہ کی زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ مسائل زندگی کی ایک حقیقت ہیں۔ مختلف لوگ مسائل کا سامنا کرتے وقت مختلف طریقے سے ردعمل کا اظہار کرتے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ ہم اپنے مسائل سے کیسے نمٹتے ہیں۔ متن پڑھیں اور دیکھیں کہ ایک باپ اپنی بیٹی کو زندگی میں مسائل کا سامنا کرنا کیسے سکھاتا ہے۔

2۔ گروپس سے مشق نمبر 7 کرنے کا کہنے سے پہلے، طلبہ سے کہیں اپنے گروپ کے لیے کسی شاعر پر مبنی ایک نام منتخب کریں۔ ایک جیسے ناموں سے بچنے کے لیے تمام گروپس سے کہیں کہ اپنے گروپس کے نام بتائیں۔ اگر نام ایک جیسے ہوں، گروپس سے کہیں اپنا نام تبدیل کریں تاکہ سب کے نام ایکدوسرے سے مختلف ہوں۔ ایک بار گروپس کے نام حتمی ہو جائیں، گروپس کو بتائیں کہ وہ اپنے گروپس کا نام اپنے کاغذ کے شیٹ پر اپنی ٹیبل کے اوپر لکھیں۔

3۔ گروپس کے کام مکمل کرنے کے لیے ایک وقت مقرر کریں۔ دیئے گئے وقت کے بعد، طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے پیپر کا دوسرے گروپس کے ساتھ تبادلہ کریں تاکہ ہر گروپ کو دوسرے گروپس کا کام پڑھنے کا موقع ملے۔

### 4.2 WRITING لکھنا

1۔ نظم کو بلند آواز میں پڑھیں اور طلبہ سے کہیں کہ آپ کے بعد ہر لائن پڑھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ یہ نظم کچھ حاصل کرنے کے لئے سخت کوشش کرنے کے بارے میں ہے، یہاں تک کہ جب تک آپ کو کوئی نتیجہ نہیں ملتا۔ بعض اوقات نتائج ہمارے حساب سے آہستہ آہستہ آتے ہیں اور ہمیں یہ احساس نہیں ہوتا کہ ہمیں واقعی کچھ حاصل ہو رہا ہے۔

2۔ اگلا، انہیں جوڑوں میں تقسیم کریں اور انہیں وضاحت کریں کہ وہ مشق نمبر 1 میں کیا کرنے والے ہیں۔ کلاس میں چکر لگائیں اور یقینی بنائیں کہ طلبہ کام کر رہے ہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں مدد اور وضاحت فراہم کریں۔

3۔ طلبہ سے مشق نمبر 2 کرنے کا کہنے سے پہلے، وضاحت کریں کہ اسے کیسے کرنا ہے۔ انہیں بتائیں کہ معنی والے کالم میں ہر بیان نظم کی ایک لائن کی وضاحت کرتا ہے۔ انہیں دیکھنا ہے کہ کون سی لائن کون سے شعر کی ہے اور شعر کا نمبر شعر کے کالم میں لکھیں۔ ہر شعر کی پہلی سطر کا شعر مثال کے طور پر پہلے سے کر دیا گیا ہے۔

4۔ طلبہ کو مشق نمبر 4 کرنے کا کہنے سے پہلے، انہیں واضح کریں کہ ایک summary (خلاصہ) کیسے لکھی جاتی ہے۔ مشق میں دیئے گئے تمام مراحل سے گذریں اور وضاحت کریں کہ سمری لکھنے کے لیے کیا ضروری ہے۔ انہیں بتائیں کہ آخری حصے میں انہیں ہر شعر کا صرف مرکزی خیال دینا چاہیے۔

5۔ مشق نمبر 5 کے لیے، نظم کو بلند آواز میں پڑھیں اور طلبہ سے کہیں کہ آپ کے بعد ہر لائن پڑھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ نظم کامیابی حاصل کرنے کے لیے آپ کی اپنی کوششوں پر انحصار کرنے کے متعلق ہے۔ جب ہمارا وقت اچھا ہوتا ہے تو عموماً لوگ ہمارے دوست ہوتے ہیں۔ جب وقت برا ہوتا ہے تو یہ عموماً ہم سے دور ہو جاتے ہیں (پھر جاتے ہیں)۔ اس لیے مشکل وقت پر قابو پانے کے لیے محنت اور کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

6۔ اس کے بعد، ہر لائن کو ایک کے بعد ایک، پڑھیں اور کچھ طلبہ کو کہیں کہ وضاحت کریں کہ ان کا مطلب کیا ہے۔ دیگر طلبہ سے کہیں کہ وہ توجہ کے ساتھ سنیں کیونکہ انہیں یہ سطر باسطر وضاحت کے ساتھ مشق نمبر 6 میں لکھنا ہوگا۔ جہاں ضرورت ہو وہاں درستگی کے ذریعے، زیادہ درست جواب قبول کریں اور دہرائیں۔

7۔طلبہ کو جوڑوں میں تقسیم کریں اور واضح کریں کہ انہیں مشق نمبر 6 میں کیا کرنا ہے۔انہیں بتائیں کہ انہیں بحث و مباحثہ اور خانے میں دیئے گئے معنوں کی بنیاد پر شعر کی ہر لائن کے معنی لکھنے ہوں گے۔ہر شعر کی پہلی سطر کا مفہوم مثال کے طور پر پہلے سے کر دیا گیا ہے۔

8۔کلاس میں چکر لگائیں اور یقینی بنائیں کہ طلبہ کام کر رہے ہیں۔جہاں ضرورت ہو وہاں مدد اور وضاحت فراہم کریں۔

9۔طلبہ مشق نمبر 7 کرنے کا کہنے سے پہلے،انہیں واضح کریں کہ ایک summary (خلاصہ) کیسے لکھی جاتی ہے۔مشق میں دیئے گئے تمام مراحل سے گذریں اور وضاحت کریں کہ سمری لکھنے کے لیے کیا ضروری ہے۔انہیں بتائیں کہ آخری حصے میں انہیں ہر شعر کا صرف مرکزی خیال دینا چاہیے۔(یہ حصہ نمبر 4 پر بھی دیا گیا ہے)

## 4.4 SPEAKING & LISTENING بولنا اور سننا

**اساتذہ کے لیے نوٹ:** طلبہ کو پہلے دو ڈائیلا گز بتائیں، طلبہ علی اور علینہ کا نام استعمال کر سکتے ہیں، اور کلاس میں موجود صنف کے لحاظ سے pronoun ‘he’ or ‘she’ استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ طلبہ سے ڈائیلا گز (مکالمے) کے کچھ حصوں کو کسی اور موضوع کے ساتھ دہرانے کو کہہ سکتے ہیں، جیسے ملیریا، ٹائیفائیڈ، فلو، اسہال وغیرہ۔انہیں بتائیں کہ پہلے ذہنوں کو کھنگالیں، پھر خیالات منتخب کریں اور پھر کچھ ڈائیلا گز (مکالمے) لکھیں۔وہ تب طے کر سکتے ہیں کہ کون کونسا ڈائیلاگ بولے گا، اس کی مشق کریں اور پھر آگے آئیں اور کلاس کے سامنے اپنا رول پلے پیش کریں۔

## UNIT 5 یونٹ 5

### 5.1 READING AND THINKING پڑھنا اور سوچنا

1۔ طلبہ کو واضح کریں کہ خانے میں دیئے گئے الفاظ تمام متن میں موجود ہیں۔ انہیں جوڑوں میں کام کرنے کا کہیں، ان الفاظ کو تلاش کریں اور ان کے نیچے لائن لگائیں۔ پھر، مشق نمبر 2 'الفاظ کو ان کے معنی سے ملائیں' کریں۔

2۔ طلبہ کو مشق نمبر 4 کرنے کا کہنے سے پہلے، انہیں واضح کریں کہ کچھ ایسی چیزیں یا کام ہیں جو دیہی علاقوں میں زیادہ تر عورتیں کرتی ہیں، کچھ چیزیں شہری علاقوں میں ہیں اور کچھ چیزیں دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں ہوتی ہیں۔ اس نکتے کی وضاحت کے لیے ان کے ساتھ کچھ مثالوں کا ذکر کریں۔

3۔ مشق نمبر 7 کے لیے، کلاس کو چار کے گروپس میں تقسیم کریں۔ آدھے گروپس کو عنوان نمبر 1 پر رول پلے تیار کرنے کا کہیں اور بقیہ آدھے کو عنوان نمبر 2 پر تیاری کی ہدایت دیں۔ یقینی بنائیں کہ طلبہ سمجھ گئے ہیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ کلاس میں چکر لگائیں اور جہاں ضرورت ہو وہاں طلبہ کو رہنمائی فراہم کریں۔

### 5.3 LANGUAGE CONVENTIONS قواعد زبان

1۔ طلبہ کو وضاحت کریں کہ colon کیسے اور کب استعمال کیا جاتا ہے۔ تختہ سیاہ (بلیک بورڈ) پر مختلف مثالیں لکھ کر طلبہ کو colon کی مشق کروائیں اور طلبہ کو ضروری کولون اور کوما کی مثالیں دینے کا کہیں۔

### 5.4 SPEAKING & LISTENING بولنا اور سننا

1۔ مشق نمبر 1 کے لیے، ڈائیلاگ (مکالموں) میں دیئے گئے سوالات کے لیے کوئی سے تین طلبہ سے کہیں۔ طلبہ کے ناموں کی جگہ طالبعلم نمبر 1، 2، 3 استعمال کریں۔ طلبہ سے کہیں کہ پوچھے گئے سوالات کے مطابق جوابات کو پڑھیں۔

2۔ اگلا، طلبہ کو چار کے گروپس میں تقسیم کریں۔ طلبہ کو کہیں کہ ڈائیلاگ کی مشق کریں جیسا کہ اوپر واضح کیا گیا ہے؛ مثال کے طور پر وہ ڈائیلاگ کی مشق چار مرتبہ کرتے ہیں، ہر طالبعلم ہر بار مختلف کردار ادا کرے۔ انہیں بتائیں کہ پہلی بار وہ ڈائیلاگز کو پڑھ سکتے ہیں، لیکن مزید مشق کے دوران، انہیں بغیر پڑھے زبانی ڈائیلاگز بولنے چاہئیں۔

3۔ آپ کچھ طلبہ کو آگے آنے اور کلاس کے سامنے رول پلے کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔

## UNIT 6 یونٹ 6

### 6.1 READING AND THINKING پڑھنا اور سوچنا

1۔ جب طلبہ پڑھنے سے پہلے کے سوالات پر بحث کر رہے ہوں تو کلاس کا چکر لگائیں اور اگر انہیں ضرورت ہو یا وہ درست سمت میں نہ ہوں تو انہیں رہنمائی فراہم کریں۔ انہیں بحث کے لیے کچھ وقت دینے کے بعد، ان سوالات پر پوری کلاس کے ساتھ بحث کریں۔ پھر طلبہ کو متن پڑھنے کا کہیں۔

2۔ طلبہ کی رہنمائی کریں کہ مشق نمبر 4 اور 5 کیسے کرنا ہے۔ انہیں بتائیں کہ مشق نمبر 3 پر واپس جائیں اور دیکھیں کہ اگر یہاں کوئی نکتہ ہے جسے وہ سمری میں شامل کرنا چاہیں گے اور وہ کس حصے میں اسے شامل کرنا چاہیں گے۔

3۔ اس کے ساتھ، مشق نمبر 5 کرتے وقت سمری کو منطقی پیرا گراف میں توڑنے میں ان کی مدد کریں۔

4۔ مشق نمبر 7 کے لیے، کلاس کو پانچ کے گروپس میں تقسیم کریں۔ انہیں کام کی وضاحت کریں۔ کلاس میں چکر لگائیں اور یقینی بنائیں کہ طلبہ کام کر رہے ہیں۔ جہاں ضرورت ہو ذخیرہ الفاظ اور جملوں کی ساخت میں ان کی مدد کریں۔ جب وہ ختم کر چکیں، ہر گروپ سے کہیں آگے آئیں اور اپنے گروپ کی ایک کہانی پیش کریں۔

### 6.2 WRITING لکھنا

1۔ طلبہ کو وضاحت کریں کہ مختلف قسم کی forms کو مختلف معلومات درکار ہوتی ہیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ کوئی بھی فارم بھرنے سے پہلے وہ اسے پہلے پوری توجہ کے ساتھ پڑھ لیں۔ اگر وہ بے یقین ہیں کہ کس کالم میں کیا لکھنا ہے تو انہیں چاہیے کہ کسی سے پوچھ لیں۔ کوئی بھی فارم بھرنا شروع کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ وہ پورے طریقے سے یہ سمجھ لیں کہ کون سی معلومات درکار ہیں۔

2۔انہیں بتائیں کہ خالی فارم کی فوٹو کاپی کروانااور پہلے اسے پُر کرنا اکثر ایک اچھا خیال ہے۔انہیں بتائیں کہ اکثر یہ خیال اچھا ہے کہ پہلے ایک خالی فارم کی فوٹو کاپی کروائیں اور پہلے اسے پُر کریں۔اگر یہ ممکن نہیں ہے تو وہ ایک الگ کاغذ پر ساری معلومات لکھ سکتے ہیں اور پھر فارم بھر سکتے ہیں۔

## 6.3 LANGUAGE CONVENTIONS قواعد زبان

1۔دیئے گئے اصولوں اور دی گئی مثالوں کے ساتھ ان سے بحث کریں۔

2۔اگلا،انہیں جوڑوں میں تقسیم کریں اور انہیں جملوں کو درست طور پر جوڑنے کے لیے قواعد اصولوں کی پیروی کرنے کا کہیں۔یاد دہانی کے طور پر قواعد کو ایک بار پھر دہرائیں۔

3۔طلبہ کے مشق نمبر 4 مکمل کر لینے کے بعد،کلاس کے ساتھ جوابات پر تبادلہ کریں اور قواعد کو دہراتے رہیں تاکہ وہ سمجھ جائیں کہ 'who'لوگوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے،'that'زیادہ تر لوگوں کے ساتھ لیکن بعض اوقات لوگوں کے گروپس کے ساتھ اور 'which'کسی مخصوص چیز کی جانب حوالے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔طلبہ کے مشق نمبر 3 کر لینے کے بعد ان میں سے کچھ سے ڈائیلاگ پر رول پلے کرنے کا کہیں۔

## 6.4 SPEAKING & LISTENING بولنا اور سننا

1۔طلبہ کو تین کے گروپس میں تقسیم کریں۔طلبہ کو کہیں کہ ڈائیلاگ کی مشق کریں جیسا کہ اوپر واضح کیا گیا ہے؛،مثال کے طور پر وہ ڈائیلاگ کی مشق تین مرتبہ کرتے ہیں،ہر طالبعلم ہر بار مختلف کردار ادا کرے۔انہیں بتائیں کہ پہلی بار وہ ڈائیلاگز کو پڑھ سکتے ہیں،دوسری بار ممکن ہو تو تھوڑا بہت پڑھ کر کرنا چاہیے۔جب تیسری بار مشق کریں تو انہیں بغیر پڑھے زبانی ڈائیلاگز بولنے چاہیئں۔

2۔ آپ کچھ طلبہ کو آگے آنے اور کلاس کے سامنے رول پلے کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔